علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ افکار وعلوم اسلامی (1906) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ قرآن اور سنت کی تعلیمات کی روشنی میں علم کے لغوی معنی اور اس کی کلیدی اہمیت پر ایک تجزیاتی مقالہ تحریر کریں جو علم کی فضیلت اور افادیت کو اجاگر کرے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی نظریہ کے مطابق قرآن حکیم اور سائنسی طریقِ کار کے درمیان موجود ہم آہنگی کو کیسے سمجھا جا سکتا ہے؟ اسلام اور جدید سائنسی علوم کے باہمی تعلق پر مدلل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ برصغیر پاک و ہند کے مسلمان علماء نے فنِ حدیث میں کیا گراں قدر خدمات انجام دی ہیں؟ اس خطے کے فکری اور علمی ورثے میں ان کا کیا مقام ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ اصولِ دین کی تشریح و تعبیر میں پیدا ہونے والے نظریاتی اختلافات کی جڑیں کہاں پیوست ہیں؟ وہ کون سے بنیادی اسباب ہیں جو ان فرقہ وارانہ آراء کی تشکیل کا باعث بنے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ دورِ تابعین میں تفسیر کے بڑے مراکز کہاں قائم ہوئے، اور ان مراکز میں تفسیر کا اسلوب کیا تھا؟ ان تفسیری خصوصیات کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ علم فقہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ واضح کریں کہ یہ علم شریعت میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ نیز، چار مشہور ائمہ فقہ کے انفرادی فقہی رجحانات اور اسالیب پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تصوف کا اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟ اسلامی تاریخ کے تناظر میں تصوف کی ابتداء کیسے ہوئی اور وقت کے ساتھ اس کے ارتقائی مراحل کیا رہے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ مسلمانوں نے علم و سائنس کے مختلف شعبوں میں جو خدمات انجام دی ہیں، ان کی نوعیت اور اثرات کیا ہیں؟ سائنسی علوم کے ارتقاء میں ان کے اہم ترین کردار کو بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سیاست کی جامع تعریف پیش کریں اور اسلامی دور کی تاریخ میں سیاسی فکر کے نشوونما کا تذکرہ کریں۔ خاص طور پر سیاسی موضوعات پر لکھی گئی اہم تصانیف کا تعارف کروائیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ طبقات نگاری کا فن کیا ہے اور یہ تاریخ نویسی کے لیے کس قدر اہم ہے؟ تاریخ اور طبقات نگاری کے باہمی رشتے کو واضح کرتے ہوئے اس فن پر مرتب کی گئی مشہور کتب کی فہرست اور ان کا تعارف پیش کریں۔ (20)